# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamadad Police | سوموار 8 اپریل 2024 | Islamabadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55227 |
| ملازمین کا اندراج | 53881 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20735 |
| گمشدگی رپورٹ | 23501 |
| جنرل ویریفکیشن | 94610 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 74 |
| گرفتار ملزمان | 33 |
| یکسو چالان | 60 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 2203 |
| اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران | 06 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2805 |
| سنگین خلاف ورزی | 2193 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3727 |
| بوگس کال | 3041 |
| ایمرجنسی رسپانس | 360 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 27 منٹ |

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے عید الفطر کی تعطیلات کے دوران شہریوں کے نام اہم پیغام جاری کر دیا




ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے عید الفطر کی تعطیلات کے دوران اپنے آبائی علاقہ جات میں سفر کرنے والے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کیلئے اہم پیغام جاری کر دیا، اپنے ویڈیو پیغام میں ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال اور عزت کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، عید کی چھٹیوں پر جانے والے شہری مناسب سکیورٹی انتظامات کے ساتھ گھر چھوڑیں، گھر کے اندر اور باہر روشنی کا مناسب انتظام کریں، گھر کے مین گیٹ کو باہر کے بجائے اندر سے لاک کریں، گھر اطراف سی سی ٹی وی کیمرے لگائیں، اپنی قیمتی اشیاء جیسا کہ زیورات اور نقدی وغیرہ کو محفوظ جگہ یا کسی حفاظتی تحویل میں دینے کا انتظام کریں، گھر چھوڑنے سے پہلے تالے اور دروازوں کی چٹخیاں ضرور چیک کرلیں، جب آپ لوگ عید کی چھٹیوں پر اپنے آبائی علاقوں میں جائیں گے تو کوشش کریں کے گھر چھوڑنے سے پہلے اخبار والے کو بتائیں کہ وہ گھر اخبار نہ پھینکے، اور کوئی ایسی سرگرمی نہ کریں جس یہ ظاہر ہو کے آپ گھر پر موجود نہیں ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ گھر چھوڑنے سے پہلے متعلقہ پولیس اسٹیشن کو لازمی اطلاع دیں، اسی طرح تمام کھڑکیوں، دروازوں اور روشندان کو اچھی طرح سے لاک کر کے جائیں، انشاء اللہ ہم پوری کوشش کریں گے کہ تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے آپ کی جان و مال اور عزت کے تحفظ کو یقینی بنائیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس آپ کی جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ سہالہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن



سرچ آپریشن کے دوران 55 گھروں، 07 گاڑیوں، 12 موٹرسائیکلوں اور 80 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارالحکومت کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ سہالہ کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 55 گھروں، 07 گاڑیوں، 12 موٹرسائیکلوں اور 80 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 02 ہزار 203 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں او رگاڑیوں کی جانچ کی، جبکہ 13 مشکوک اشخاص اور 35 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 203 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 644 مشکوک افراد اور 1559 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 13 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 35 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔



# گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا ،گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات ، نقدی اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ گولڑہ پولیس نے ملزم الف ایس حسرت کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس ٹیم نے قمار بازی میں ملوث 08




ملزمان محمد عدنان، احسن علی ، محمد عادل ، محمد عرفان، عدنان، کامران صدیق ،محمد نعیم اور عمران کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی نقدی اور آلات قمار بازی برآمد کر لیے، تھانہ کورال پولیس نے ملزم سمیع اللہ کو گرفتار کر کے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا ، تھانہ نیلور پولیس ٹیم نے ملزم عنایت الرحمان کو گرفتار کر کے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانیوالی خصوصی مہم کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹھرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار15" یا "آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے پانچ ارکان کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے پانچ ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی، موٹر سائیکل، قیمتی موبائل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی اور شاپ رابری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے پانچ ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی ، موٹر سائیکل، قیمتی موبائل فون، اور وارداتوں میں استعمال




ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت اللہ یار، علی حیدر، حسنین حیدر، احسان حیدر اور محمد عمیر کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ کھنہ، کورال، کرپا، نیلور، بنی گالہ اور تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" یا "آئی سی ٹی ایپ "15 پر فوری اطلاع کریں۔

# انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے منشیات سمگلنگ میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2410 گرام چرس ، 500 گرام افیون، 105 گرام آئس اور 250 گرام ہیروئن برآمد کرلی گئی، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں منشیات سمگلنگ میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے منشیات سمگلنگ میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2410 گرام چرس ، 500 گرام افیون ، 105 گرام آئس اور 250 گرام ہیروئن برآمد کر لی گئی، گرفتار ملزمان کی شناخت صلاح الدین اور اظہر عباس کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار–"15 یا" آئی سی ٹی ایپ"15 پر فوری اطلاع کریں۔

## پولیس خدمت مراکز شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔



پولیس خدمت مراکز نے 94 ہزار 532 شہریوں کو جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، شہری گاڑیوں کی ویریفکیشن، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن اور دیگر سہولیات استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز تشریف لا سکتے ہیں۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی سہولیات کیلئے جدید تکنیکی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے خدمت مراکز نے اب تک 94 ہزار 532 جنرل پولیس ویریفکیشن سرٹیفکیٹ کے اجراء کو یقینی بنایا، جبکہ باقی درخواستوں پر کام ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے، شہری جنرل پولیس ویریفکیشن کے حصول کیلئے اپنا اصل شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ آئیں، شناختی کارڈ پر اسلام آباد کا پتہ نہ ہونے کی صورت میں کرایہ داری معاہدہ یا اشٹام پیپر ساتھ لائیں، اگر شہری بیرون ملک قیام پذیر ہو تو وہ اپنے کسی قریبی رشتہ دار یا عزیز کو اتھارٹی لیٹر جاری کر سکتے ہیں جس پر گزیٹڈ افسر کے دستخط لازمی ہیں، شہری اتھارٹی لیٹر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، شہری پولیس خدمت مراکز سے گاڑیوں کی ویریفکیشن، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کی رجسٹریشن ، سامان گمشدگی کی رپورٹ، جنرل پولیس ویریفکیشن اور دیگر سہولیات سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز کا رخ کر سکتے ہیں، شہریوں کو انکی دہلیز پر تمام سہولیات مہیا کرنے کیلئے پولیس خدمت مرکز موبائل سہولت وین بھی کام کر رہی ہے، اسکے علاوہ خدمت مراکز سیکٹرز ایف سکس، جی ٹین، ایچ الیون، بنی گالہ، سواں گارڈن اور جی - 14 کے علاوہ ماڈل تھانہ جات میں بھی قائم کئے گئے ہیں، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے پولیس خدمت مراکز میں تربیت یافتہ عملہ تعینات کیا گیا ہے، جو پاکستانی شہریوں اور غیر ملکیوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور انکے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

Tarjuman
The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
Islamabad Police | MONDAY APRIL 8, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 3727 | Traffic Fine Ticket | 2803 | Total Crime Registered | 74 | Tenant Registration | 55227 |
| Hoax Call | 3041 | Major Violation | 2193 | Accused Arrested | 33 | Employee Registration | 53881 |
| Emergency Response | 360 | Fatal Accident | ---- | Challan Submitted in Court | 60 | Vehicle Verification | 20735 |
| Minimum Response Time | 02 | Driving License | ---- | Stop & Search | 2203 | Lost Reports | 23501 |
| Maximum Response Time | 27 | Learner Permit | ---- | P.O / C.O Arrested | 06 | General Verification | 94610 |

# Police determined to address public' issues on priority, says DPO Industrial Area Zone




According to the details, the DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari issued an important message for the federal capital residents traveling to their hometowns during the Eid-ul-Fitr holidays, a public relations officer said. In his video message, the DIG Operations Islamabad said that, the Islamabad Capital Police is continuously engaged in ensuring the safety of residents' lives, property, and dignity. He further said that, citizens leaving for Eid holidays should leave their homes with appropriate security arrangements, ensure proper lighting inside and outside the house, lock the main gate from the inside, and install CCTV cameras around the house. Ensures proper arrangements for the safekeeping of valuable items such as jewelry and cash, checks locks and doors before leaving the house, and informs the newspaper vendor not to throw newspapers at the house when leaving. They should also refrain from activities that indicate their absence from home, he added. At the end, he said that, before leaving citizens must inform the relevant police station, lock all windows, doors, and open areas properly. Insha'Allah, we will make every effort to ensure the protection of your lives and property, while utilizing all available resources.

# Search and combing operation conducted at Sihala Police Station jurisdiction



Islamabad Capital Police Counter Terrorism Department (CTD) conducted a search and combing operation at Sihala police station jurisdiction, a public relations officer said. He said that, following the special directives of SSP Counter Terrorism Department Islamabad, the search and combing operations are being conducted in different areas of the city, to ensure the safety and security of the Islamabad citizens. Following these orders, a search and combing operation was conducted in different areas of Sihala police station by CTD and local police teams. During the search and combing operation 80 suspicious persons, 55 houses, 12 motorcycles and 07 vehicles were thoroughly checked. SSP CTD Islamabad said that, the purpose of the search and combing operations was to heighten the security in the federal capital. All zonal officers were directed to continue these operations in their respective areas. Citizens are also requested to cooperate with police during the checking.

# Islamabad Capital Police Dolphin playing vital role in eradicating crime.

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,203 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 644 pedestrians and 1,559 motorcycles during the special and snap checking, out of which 13 suspicious individuals and 35 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. “Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens.



# Islamabad Capital Police intensify crackdown against tinted glasses and fancy number plate vehicles

Islamabad Capital Police apprehended 16 outlaws including six professional beggars from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Golra police team arrested an accused namely Alif S Hasrat and recovered 20 liters of liquor from his possession. The Khanna police team arrested eight gamblers namely Muhammad Adnan, Ehsan Ali,




Muhammad Adil, Muhammad Irfan, Adnan, Kamran Siddique, Muhammad Naeem, and Imran and recovered cash and gambling tools from their possession. Likewise, the Koral police team arrested an accused namely Sami Ullah and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Nilore police team arrested an accused namely Inayat ur Rehman and recovered one 30 bore pistol from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the ongoing crackdown against professional beggars, the Islamabad Capital Police various police station teams arrested five professional beggars and registered cases against them under the beggar act. DIG Operations directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.

# Five members of snatcher gang arrested; cash, valuables and weapons recovered

Islamabad Capital Police Shahzad Town police team arrested five wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities and recovered snatched cash, motorbikes, mobile phones and weapons from their possession, He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Shahzad Town police team used technical and human resources and succeeded in apprehending five wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Allah Yar, Ali Haider, Hasnain Haider, Ehsan Haider and Muhammad Umair. Police team also recovered snatched cash,




motorbikes, mobile phones, and weapons from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the preliminary investigation the nabbed accused confessed their involvement in numerous snatching activities in the jurisdiction of Khanna, Kirpa, Koral, Nilore, Bani Gala and Shahzad Town police stations. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis. Citizens are urged to cooperate with police and to report any suspicious activity or information on the emergency helpline "Pucar-15" or via “ICT-15"app for immediate assistance.

# Pucar-15 helpline received 3,041 irrelevant calls during the last 24 hours


Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 3,727 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 3,727 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,041 calls were hoax and irrelevant to police which make up 81% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. “If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands,” he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected.

# Police Khidmat Markaz issued 94,532 General Police verification certificates



Police Khidmat Markaz of Islamabad Capital Police have facilitated citizens with different services like issuance of character certificate, foreigners' registration, registration of tenants and domestic servants, a police public relations officer said. He said that, following the special directions of senior police officers, the Islamabad capital police is taking all possible steps to provide maximum facilities to the citizens of Islamabad adding that several steps have been taken by the police in this regard. He further said that Police Khidmat Markaz has received 94,610 applications for a general police verification certificate during the ongoing year. On which 94,532 general police verification certificates were issued to the citizens after complete verification by concerned police stations while the work on remaining applications were under process. For general police verification certificates, applicants must bring his/her original CNIC. In case, the Islamabad address is not mentioned on applicant's CNIC, he must bring residential proof or rental agreement. For citizen's facility, police mobile facilitation van service has also been working, while Khidmat Markaz in various areas including sectors F-6, G-10/4, H-11, Bani Gala, Swan Garden, Khanna and at different police stations were also facilitating the citizens. Senior police officers said that, well trained staff has been appointed there who are providing best services to Pakistani nationals and foreigners. Such steps would improve the trust of people in the police.

# Over 2,64,085 e-challan tickets issued through safe city cameras



Islamabad Capital Police safe city e-challan system has issued over 2,64,085 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, the Islamabad Capital Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Capital Police have issued 93 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,64,085 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers with the use of modern technology.

# Over 17,04,794 people's data entered through 'Hotel Eye' software

Following the special directives of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO), the Safe City Islamabad is playing an effective role in the prevention of crimes and effective security in the federal capital. According to the details, the Islamabad Capital Police "Hotel Eye" software is fully operational and working effectively and the software has been provided to all police stations for identification of individuals and registering the data of people staying in hotels, Guest houses or shelters homes located in Islamabad. He said that, during the last 24 hours, a total of 3,132 citizens' data have been entered through Hotel Eye software. While a total data of 17,04,794 citizens has been entered during the ongoing year. Data of 129 suspects were also sent to the concerned police stations for legal proceedings. These data gathering is proving to be very useful in identifying the criminal elements involved in heinous & other Crimes. Senior police officers said that the action will be initiated against vehicles without number plates or unregistered. Safe city cameras will be utilized for the purpose of identification of such vehicles, he maintained.The Islamabad Capital Police is using modern technology and all available resources to maintain law and order in the city and also taking all possible steps to ensure the safety of the lives and property of the citizens, he added.

## Two members of drug smuggler gang held; huge cache of drugs recovered

Islamabad Capital Police Anti Robbery and Dacoity Unit (ARDU) police team arrested two wanted member of a drug smuggler gang involved in numerous drug smuggling activities and recovered 2,410 gram hashish, 500 gram opium, 105 gram ice and 250 gram heroin from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Anti Robbery and Dacoity Unit (ARDU) police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of a drug smuggling gang. The accused was identified as Salahuddin and Azhar Abbas. Police team also recovered 2,410 gram hashish, 500 gram opium, 105 gram Ice and 250 gram heroin from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens.

# Social Media Corner Islamabad Police







